# نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

## 21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

**Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com**
**www.facebook.com/AgriDepartment**

پریس ریلیز

**سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد**

**وزیر اعلیٰ پنجاب سموگ کنٹرول پروگرام کے تحت 5 ارب روپے کی لاگت سے کاشتکاروں کو 5 ہزار سپر سیڈرز فراہم کئے جا رہے ہیں۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو**

**لاہور:04 نومبر 2024(   )** سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ دھان کی کاشت کے علاقوں میں 22 اینٹی سموگ سکواڈ کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جو نہ صرف کاشتکاروں کو فنی راہنمائی فراہم کر رہے ہیں بلکہ دھان کی باقیات کو آگ لگانے میں ملوث افراد کے خلاف قانونی کاروائی بھی عمل میں لا رہے ہیں۔محکمہ زراعت پنجاب کے اینٹی سموگ سکواڈ 24/7 متحرک ہیں۔انھوں نے کہا کہ صوبہ پنجاب میں اب تک 1125 ایکڑ رقبہ پر دھان کی فصل کو آگ لگائی گئی ہے۔دھان کی باقیات کو آگ لگانے والوں کے خلاف 123 ایف آئی آر ز کا اندراج عمل میں لایا گیا ہے۔محکمہ زراعت پنجاب کے تحت سموگ رولز کی خلاف ورزی کرنے والوں کو 1 کروڑ 10 لاکھ روپے سے زائد جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔محکمہ زراعت پنجاب کی اینٹی سموگ سرگرمیوں میں مزید تیزی لائی جا رہی ہے۔محکمہ زراعت کے تحت گاؤں کی سطح پر سموگ کمیٹیاں فعال ہیں۔محکمہ زراعت کے تحت سموگ کے نقصانات بارے بھر پور آگاہی مہم جاری ہے۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب سموگ کنٹرول پروگرام کے تحت 5 ارب روپے کی لاگت سے 5 ہزار سپر سیڈرز 60 فیصد سبسڈی پر کاشتکاروں کو فراہم کئے جا رہے ہیں۔دھان کی باقیات کو سائنسی بنیادوں پر کارآمد بنانے کیلئے سپر سیڈرز کے استعمال بارے کاشتکاروں کو راہنمائی فراہم کی جا رہی ہے۔

☆☆☆☆